Supply of Indian manufactured vaccines to neighbouring and key partner countries

January 19, 2021

پڑوسی اور کلیدی شراکت دار ممالک کو ہندوستان کی تیار کردہ ویکسین کی فراہمی

19 جنوری، 2021

بھارتی حکومت کو پڑوسی اور کلیدی شراکت دار ممالک سے بھارتی ساختہ ویکسین کی فراہمی کے لئے متعدد درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ ان درخواستوں کے رسپانس میں، اور ہندوستان کی ویکسین کی تیاری اور ترسیل کی گنجائش کو پوری انسانیت کو کووڈ وبائی مرض سے لڑنے میں مدد کے لئے استعمال کرنے کے عزم کے مطابق، بھوٹان، مالدیپ، بنگلہ دیش، نیپال، میانمار اور سیچلز کو گرانٹ امداد کے تحت فراہمی 20 جنوری 2021 سے شروع ہوگی۔ سری لنکا، افغانستان اور ماریشیس کے حوالے سے، ہم ان کے ضروری ضابطے کی منظوری کے تصدیق کے منتظر ہیں۔

2۔ دوسرے ممالک کی طرح ہندوستان میں بھی حفاظتی ٹیکوں کے پروگرام کو نافذ کیا جارہا ہے تاکہ صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والوں، صف اول کے کارکنوں اور سب سے زیادہ کمزور افراد کو شامل کیا جاسکے۔ مرحلہ وار رول آؤٹ کی گھریلو ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے، ہندوستان آئندہ ہفتوں اور مہینوں میں مرحلہ وار طریقے سے شراکت دار ممالک کو کووڈ- 19 ویکسین کی فراہمی جاری رکھے گا۔ اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ گھریلو صنعت کاروں کے پاس بیرون ملک فراہمی کے دوران گھریلو ضروریات کو پورا کرنے کے لئے مناسب ذخیرہ موجود رہے۔

3۔ ویکسین کی فراہمی سے قبل، انتظامی اور آپریشنل پہلوؤں کا احاطہ کرنے والا ایک ٹریننگ پروگرام، 19- 20 جنوری 2021 کو قومی اور صوبائی دونوں سطح پر وصول کرنے والے ممالک کے حفاظتی ٹیکوں کے منیجرز، کولڈ چین آفیسرز، مواصلات کے افسران اور ڈیٹا منیجر کے ساتھ منعقد کیا جارہا ہے۔

4۔ ہندوستان نے اس سے قبل کووڈ -19 وبائی مرض کے دوران بڑی تعداد میں ممالک کو ہائڈروکسیکلوروکائن، ریمڈیسیویر اور پیراسیٹامول گولیاں نیز تشخیصی کٹس، وینٹی لیٹر، ماسک، دستانے اور دیگر طبی سامان فراہم کیا تھا۔

5۔ ہندوستان نے کلینیکل ٹرائلز کو تیز کرنے کے پروگرام (پی اے سی ٹی) کے پارٹنرشب کے تحت متعدد ہمسایہ ممالک کو ان کی طبی صلاحیتوں کو بڑھانے اور مضبوط بنانے کے لئے تربیت بھی فراہم کی ہے۔ اس کے علاوہ، انڈین ٹیکنیکل اینڈ اکنامک کوآپریشن (آئی ٹی ای سی) پروگرام کے تحت پارٹنر ممالک کے ہیلتھ کیئر ورکرز اور ایڈمنسٹریٹرز کے لئے متعدد ٹریننگ کورسز کا اہتمام کیا گیا ہے، جس کے تحت وبائی مرض سے نمٹنے کے لئے ہم نے اپنے تجربے کو شیئر کیا ہے۔

6۔ ایک جاری کوشش کے تحت، ہندوستان پوری دنیا کے ممالک کے لئے ویکسین کی فراہمی جاری رکھے گا۔ اس کو، ترقی پذیر ممالک کے لئے گاوی (GAVI) کوواکس سہولت کی فراہمی کے ساتھ گھریلو تقاضوں اور بین الاقوامی مطالبے اور ذمہ داریوں کے مدنظر جاری رکھا جائے گا۔

نئی دہلی

19 جنوری، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.